۱۔ حدیث کا لغوی اور اصطلاحی معنی لکھیں؟

لغت میں حدیث سے مراد ہے گفتگو کرنا۔ اصطلاح میں حدیث سے مراد حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے قول افعال اور تقاریر ہیں۔ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا طریقہ زندگی کیا ہے۔

۲۔ حدیث کی اقسام تحریر کریں؟

حدیث کی تین اقسام ہیں۔

حدیث قولی

حدیث فعلی

حدیث تقریری

۳. اطاعت حدیث پر قرانی ایت کا ترجمہ لکھیں؟

یاایھاالذین امنوا اطیعو اللہ واطیو الرسول

اے ایمان والو اللہ کی اطاعت کرو اور اس کے رسول کی اطاعت کرو۔

.4 قران مجید کی حفاظت کی طرح حدیث نبوی کی حفاظت کی ذمہ داری اللہ تعالی نے خود کیوں لی؟

حدیث قران کی شرح ہے یعنی اپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی سیرت قران مجید کی عملی تفسیر ہے اس لیے اس کی حفاظت کی ذمہ داری اللہ تعالی نے خود لی ہے

۵. صحابہ کرام میں حفاظت کے کتنے ذرائع استعمال کیے اور وہ کون کون سے ہیں نام لکھیں؟

صحابہ کرام نے حفاظت حدیث کے تین ذرائع اختیار کیے جو کہ مدرجہ ذیل ہیں

- حفظ حدیث
- کتابت حدیث

SOCHBADLOBYMAK

- حفاظت حدیث بذریعہ تعامل

۶. رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں کتابت حدیث کا انداز کیا تھا؟

رسول اللہ کے زمانے میں کتابت حدیث کا انداز یہ تھا کہ اپ محفل میں تشریف فرما ہوتے اور جو کچھ فرماتے وہ صحابہ کرام لکھ لیا کرتے تھے رسول اللہ ہر بات کو دو یا تین باد دوہرایا کرتے تھے تاکہ لوگوں کو سمجھنے میں اسانی ہو۔ حضرت رافع بن خدیج فرماتے ہیں کہ ہم لوگوں نے دربار رسالت میں عرض کی کہ ہمیں اپ کی بہت سی باتیں یاد نہیں رہتی اور انہیں لکھ لیتے ہیں اس پر اپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا

"لکھ لیا کرو اس میں کوئی مضائقہ نہیں"

۴. عہد نبوی میں کتابت حدیث کی مثالیں دیں؟

- رسول اللہ کے ازاد کردہ غلام خادم ابو رافع نے اپ سے حدیث لکھنے کی اجازت مانگی اپ نے انہیں اجازت دی۔
- فتح مکہ کے موقع پر جب اپ نے خطبہ دیا تو ایک صحابی ابو شاہ کھڑے ہو کر عرض کرنے لگے رسول اللہ میرے لیے یہ مسائل لکھوا دیں اپ نے فرمایا ابو شاہ کے لیے یہ لکھ دو۔
- حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی لکھی ہوئی احادیث مبارکہ بھی محفوظ ہیں جس میں نمایاں وہ احادیث ہیں جن کا تعلق زکوۃ وغیرہ سے ہے۔

.7 حفاظت حدیث بذریعہ تعامل سے کیا مراد ہے؟

تعامل سے مراد عمل کرنا ہے یعنی امت مسلمہ کا اپ کے ارشادات اور افعال کی مکمل پیروی کرنا ہے جیسے اپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا فرمائی ہم اج بھی اسی طرح نماز ادا کرتے ہیں۔

.8 دور تابعین کرام کے احادیث کے کچھ کتابی ذخائر کے نام لکھیں؟

SOCHBADLOBYMAK

- اامام محمد بن شہاب زہری نے مدینہ منورہ کی ہر گلی میں جا کر لوگوں سے احادیث اکٹھی کی
- کتاب الاسان اس کتاب کو امام ابو حنیفہ نے مرتب کروایا
- الموت یہ امام مالک کا احادیث نبویہ کا مجموعہ ہے
- الجامع امام سفیان سوری نے اس مجموعہ حدیث کو مرتب کیا
- کتاب الحج امام محمد نے فقہی حدیث پر مشتمل اس مجموعے کو مرتب کیا

۹. تدوین حدیث کے تیسرے دور میں کون سا ضروری کام ہوا؟

تیسری صدی ہجری میں محدثین نے احادیث کی جمع تدوین کے لیے دور دراز علاقوں کے سفر کیے اور حدیث کی جانچ پر کے اصول وضع کیے اور اسماء الرجال کا فن معرض وجود میں ایا

.10 صحاح ستہ سے کیا مراد ہے

صحاح ستہ سے مراد حدیث کی چھ صحیح کتابیں ہیں

.11 صحاح ستہ کے نام لکھیں؟

- صحیح بخاری
- صحیح مسلم
- جامع ترمذی
- سنن ابو داؤد
- سنن نسائی

SOCHBADLOBYMAK

- سنن ابن ماجہ

12. اصول اربع سے کیا مراد ہے؟

فقہ جعفریہ کی چار مستند ترین ذخائر حدیث مراد ہے

13. اصول اربع کے نام لکھیں؟

- الکافی
- من لایحضرہ الفقیہ
- الاستبصار
- تہذیب الاحکام

SOCHBADLOBYMAK